# 20-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے آج ساؤتھ کوریا کے وفد کے ساتھ ملاقات کی۔نئی دہلی میں ہونے والی اس ملاقات میں کئی اہم فیصلے لئے گئے۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج کالیشورم کا دورہ کیا۔جہاں مکتیشوراسوامی مندر کی تزئین نواور نئے بس اسٹانڈ کی تعمیر کیلئے 198 کروڑ روپے منظور کئے۔

۳۔جگتیال میں بی آر ایس کی پرجا آشروادسبھا منعقد ہوئی۔سابق وزیر کے سی آر نے جلسہ سے کیا خطاب۔

اور

۴۔ تلنگانہ بھر لارڈ بسویشورا کی 893 ویں جینتی ۔مختلف مقامات پر لیڈرس اور عہدیداروں نے لارڈ بسویشورا کو پیش کیا خراجِ عقیدت۔

PM-SK

وزیراعظم نریندر مودی نے آج ساؤتھ کوریا کے وفد کے ساتھ ملاقات کی۔نئی دہلی میں ہونے والی اس ملاقات میں کئی اہم فیصلے لئے گئے۔ساؤتھ کوریا کے صدر ’لی جائی مینگ‘ نے اِس وفد کی قیادت کی۔ ملاقات کے دوران اسپورٹس، ثقافت اور صنعتی شعبہ میں کئی اہم معاہدے ہوئے۔اِس کے علاوہ چھوٹی اور درمیانی درجہ کی صنعتوں سے متعلق بھی معاہدے ہوئے۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ساؤتھ کوریا کے ساتھ ہونے والی ملاقات کامیاب

رہی۔دنوں مما لک کے بیچ تجارت سے متعلق کئی اہم فیصلے لئے گئے۔

PM - BYTE

وہیں دوسری جانب ساؤتھ کوریا کے صدر نے کہا کہ ہندوستان ایک ابھرتی ہوئی معیشت ہے۔انہوں نے کہا کہ دفاعی،اے آئی اور جہاز رانی جیسے شعبوں میں دونوں مما لک مل کر بہتر انداز میں کام کریں گے۔

VP-SL

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن دو روزہ سری لنکا دورہ پر ہیں۔آج صبح انہوں نے نوارا ایلیا علاقہ کا دورہ کیا۔ جہاں مقامی لوگوں نے روایتی استقبال کیا۔ واضح رہے کہ نوارا ایلیا میں ہندوستان کی جانب سے مکانات کی تعمیر سے متعلق ایک کام ہورہا ہے۔سری لنکا میں مقیم ٹامل کمیونٹی اور ہندوستانی مقیم سری لنکائی باشندوں کی رہائش کیلئے یہ پروجیکٹ تعمیر کیا جارہا ہے۔ اِس دوران نائب صدر جمہوریہ نے بیرون ملک میں مقیم ہندوستانیوں سے ملاقات کی۔ان کے مسائل سنے اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

WHIP:

سرکاری وہپ و رکن اسمبلی آلیر، بی ایلیا نے آج مندروں کے شہر یادادری بھونگیر میں 100 بیڈ والے ہسپتال کا سنگ بنیاد رکھا۔ واضح رہے کہ اس اسپتال کی تعمیر کیلئے حکومت نے 36 کروڑ روپے مختص کئے ہیں جہاں پر جدید طبی سہولیات فراہم کی جائے گی اور مریضوں کا بہتر سے بہتر علاج ہوگا۔رکن اسمبلی بی ایلیا نے کہا کہ ریاستی حکومت شعبہ صحت پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔

BHONGIR:

بھونگیر کے رکن پارلیمنٹ چاملا کرن کمار ریڈی نے کہا کہ مستقبل میں بی آر ایس ختم ہونے والی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس پارٹی ایک ڈوبتی ہوئی کشتی کے مماثل ہے۔ آج بھونگیر میں بی آر ایس کی جانب سے منعقدہ اجلاس میں سابق وزیر ہریش راؤ کی عدم شرکت پر انہوں نے یہ بات کہی۔ ہریش راؤ کسی کام کی وجہ سے دہلی دورہ پر ہیں۔ اسی وجہ سے ہریش راؤ بھونگیر میں منعقد ہونے والے بی آر ایس کے اجلاس میں شرکت نہیں کر رہے ہیں۔ چاملا کرن کمار ریڈی نے کہا کہ جیون ریڈی بی آر ایس پارٹی کو شدید نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ اس دوران انہوں نے کویتا کی جانب سے نئی پارٹی کے قیام پر بھی اپنے خیالات پیش کیے۔

BANDI

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا کہ مرکز کی بی جے پی حکومت کریم نگر کو ہر محاذ پر ترقی دینے کیلئے سنجیدہ ہے۔ اپنے دورہ کے موقع پر بنڈی سنجے نے یہ بات کہی۔ آج بنڈی سنجے نے مختلف پروجیکٹس کا سنگ بنیاد رکھا۔ کوتہ پلی اور تیگلا گٹہ پلی میں مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے جھیلوں کی صفائی و دیگر اہم کاموں کا جائزہ لیا۔ ان کے ہمراہ میئر کے سرینواس اور دیگر عہدیدار بھی موجود تھے۔ بنڈی سنجے نے کہا کہ جھیلوں کے اطراف منی ٹورازم ہب کے طور پر ترقی دی جائے گی۔ مرکزی حکومت امرتھ 2.0 اسکیم کے تحت فنڈس جاری کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ سڑکوں کی تعمیر اور دیگر مسائل کو بھی حل کیا جائے گا۔ اِس دوران انہوں نے جھیلوں کے اطراف جاری ترقیاتی کاموں کا بھی جائزہ لیا۔

COMMITTEE:

بی آر ایس صدر کے سی آر کی قیادت میں تعمیر کی گئی تین رکنی کمیٹی جس میں ہریش راؤ، ونود کمار، وی روی چندرا شامل ہیں، آج کمیٹی کے ارکان دہلی کے دورہ پر ہیں تا کہ کالیشورم کمیشن اور پارٹی بدلنے والے ارکانِ اسمبلی سے متعلق فیصلہ لینے کیلئے سپریم کورٹ کے سینئر وکلاء سے بات چیت کریں گے اور مستقبل کا لائحہ عمل ترتیب دیں گے۔ واضح رہے کہ اِس معاملہ پر 22 اپریل کو تلنگانہ ہائی کورٹ کا آخری فیصلہ آنے والا ہے۔ اس سے متعلق بات چیت کیلئے کمیٹی کے ارکان دہلی کا دورہ کررہے ہیں۔ سینئر وکلاء سے بات چیت کے بعد مستقبل کے لائحہ عمل کو ترتیب دیا جائے گا۔

PADDY

بھونگیر کے رکن اسمبلی کے انیل کمار نے آج دھان کی خریداری کے مراکز کا افتتاح کیا۔ اپنے حلقہ اسمبلی میں واقع ولی گنڈہ منڈل میں دھان کی خریداری مراکز کا رکن اسمبلی نے دورہ کیا۔ اِس دوران رکن اسمبلی انیل کمار نے پہلوان پورم اور منڈاپورم کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کسانوں کے ساتھ انصاف کررہی ہے۔ کسانوں کو ان کی فصل کی واجبی قیمت دی جارہی ہے۔ رکن اسمبلی انیل کمار نے کہا کہ تلنگانہ میں ریکارڈ سطح پر 4.50 لاکھ میٹرک ٹن دھان کی خریداری ہوئی ہے اور کسانوں کو 500 روپے فی کنٹل بونس بھی دیا جارہا ہے۔ انہوں نے عہدیداروں کو کئی ہدایات دی ہیں اور کسانون کے ساتھ انصاف کرنے پر زور دیا۔

JUPALLY:

ریاستی وزیر سیاحت و کلچر جو پلی کرشنا راؤ نے آج حمایت نگر میں واقع ٹی جی ٹی ڈی سی دفتر میں عہدیداروں کے ساتھ منعقدہ میٹنگ میں شرکت کی۔اس دوران ٹورازم، آثار قدیمی، بدھاونم پروجیکٹس پر بات چیت ہوئی۔ٹی جی ٹی ڈی سی چیرمین پٹیل رمیش ریڈی اور اسپشل چیف سکریٹری وانی پرسادودیگر بھی اس اجلاس میں شریک تھے۔

BASAVESHWARA:

مہاتما بسویشورا کی 893 ویں جینتی ہے۔ مہاتما بسویشورا کی جینتی تقریب رویندرا بھارتی میں بڑی پیمانہ پر منعقد ہوئی جس میں ریاستی وزیر پونم پربھاکر، واکٹی سری ہری، ودیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ریاستی وزرأ نے مہاتما بسویشورا کوخراجِ عقیدت پیش کیا۔ریاستی وزیر سری ہری نے کہا کہ مہاتما بسویشورا مساوات، انصاف اور بھائی چارہ کی مثال تھے۔ انہوں نے کہا کہ کام ہی عبادت ہے۔

BRS-TRIBUTES:

مہاتما بسویشورا جینتی کے موقع پر بی آر ایس پریسڈنٹ کے سی آر نے انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ مہاتما بسویشورا سماجی انصاف کے علمبردار تھے۔ساتھ ہی ساتھ وہ ذات پات اور مساوات پر بھی یقین رکھتے تھے۔کے سی آر نے کہا کہ سماج کی بھلائی کیلئے ان کی خدمات ناقابل فراموش ہے اوران ہی کی وجہ سے ہندوستان میں سماجی تعلقات بہتر ہوئے ہیں۔

BJP - TELANGANA

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے سماجی انقلاب کے علمبر دار مہاتما بسویشورا کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔اس دوران این رام چندر راؤ نے ٹینک بینڈ پر واقع مہاتما بسویشورا کے مجسمہ پر پھول مالا پیش کی۔رام چندر راؤ نے کہا کہ مہاتما بسویشور راؤ سماج کی ترقی کیلئے بے مثال خدمات انجام دی ہیں جس کی وجہ سے آج وہ لاکھوں لوگوں کے دلوں میں بس گئے ہیں۔

KOTHAGUDEM:

بھدرادری کوتہ گوڑم میں آئی ڈی اوسی دفتر میں آج لارڈ بسویشورا کی جینتی تقریب منعقد ہوئی۔ضلع کلکٹر انکت نے لارڈ بسویشورا کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ سماج کی خدمات اور فلاح و بہبود کیلئے لارڈ بسویشورا کی خدمات نا قابل فراموش ہیں۔انہوں نے سماجی انصاف کا درس دیا ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔

KAMAREDDY

کاماریڈی ایڈیشنل کلکٹر وکٹر اینڈ مدھوموہن نے مہاتما بسویشورا کو ان کی جینتی پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ مہاتما بسویشورا ایک سماجی جہد کار کے ساتھ ساتھ فلاسفر تھے جنہوں نے سماجی ناانصافی کے خلاف جدوجہد کی اور سماج انصاف کیلئے نا قابل فراموش خدمات انجام دی۔12 ویں صدی میں مہاتما بسویشورا نے سماج کی فلاح و بہبود کیلئے کام کیا۔

EARTHQUAKE:

جاپان میں آج طاقتور زلزلہ کے جھٹکے محسوس ہوئے۔ریکٹر اسکل پر زلزلہ کی شدت 7.4 درج ہوئی جس کے بعد شمالی جاپان کے ساحلی علاقوں میں سونامی کی وارننگ جاری کی گئی۔سمندر

میں لہریں اور موجیں شدت اختیار کرگئی۔ تقریباً 3 فٹ اونچائی تک ساحل پر لہریں دیکھی گئیں۔ عہدیداروں نے بتایا کہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ہے۔ وزیر اعظم سانے تکا چی نے کہا کہ صورتحال پر حکومت نظر رکھی ہوئی ہے۔ بڑے پیمانے پر مالی نقصان کی اطلاع ہے۔

RAJANNA SIRCILLA

راجنا سرسلہ کے ضلع کلکٹر گریما اگروال اور سرکاری وہپ آدی سرینواس نے مشترکہ طور پر کے جی بی وی میں مشترکہ طور پر کیچن اور صفائی کا جائزہ لیا۔ واضح رہے کہ صفائی ابھیان کے تحت ضلع کلکٹر نے یہ جائزہ لیا ہے۔ ضلع کلکٹر نے کہا کہ ریسیڈنشل اسکولس اور ہاسپٹلس میں صفائی اور غذا کی معیار جانچنے کیلئے خصوصی افسر کو تعینات کیا گیا ہے۔ انہوں نے عہدیداروں سے صفائی پر خصوصی توجہ دینے کی اپیل کی۔ ساتھ ہی ساتھ ضلع کلکٹر نے پیرنٹس ٹیچرس میٹنگ منعقد کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔

PRAJAPALANA

میدک میں پرجا پالنا پروگرام منعقد ہوا۔ اس 99 روزہ پروگرام کے تحت مختلف فلاحی کاموں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ میدک ضلع کلکٹر پریتما سنگھ نے پرجا پالنا پروگرام کے تحت مینا ریڈی گرلز ہاسٹل جو کوڑی پلی میں منعقد ہے دورہ کیا۔ اس موقع پر مقامی عہدیدار بھی موجود تھے۔ ضلع کلکٹر نے صفائی اور بچوں کی دی جانے والی غذا اور بنیادی سہولیات سے متعلق تفصیلات حاصل کیں۔ انہوں نے صفائی پر خصوصی توجہ دینے کا عہدیداروں کو مشورہ دیا۔ ساتھ ہی تعلیم پر بھی توجہ دینے کی اپیل کی۔

CM KALESHWARAM

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج کالیشورم کا دورہ کیا۔جہاں مکتیشوراسوامی مندر کی تزئین نو اور نئے بس اسٹانڈ کی تعمیر کیلئے 198 کروڑ روپے منظور کئے۔اس کے علاوہ انہوں نے میڈی گڈہ بیارتج کا بھی جائزہ لیا اور بیرتج میں جاری تعمیراتی کاموں کی تفصیلات حاصل کی۔اس موقع پر ریاستی وزیراتم کمار ریڈی، پنگولیٹی سرینواس ریڈی اور پونم پربھاکر کے علاوہ این ڈی ایس اے چیرمین ودیگر بھی موجود تھے۔وزیراعلیٰ نے کالیشورامکتیشو راسوامی منڈر میں درشن کئے۔انہوں نے کہا کہ مندر کی تزئین نو ہوگی اور علاقہ میں نئے بس اسٹانڈ کی تعمیر ہوگی۔

SABHA:

جگتیال کے منی اسٹیڈیم میں بی آر ایس پارٹی کی پرجا آشرواد سبھا منعقد ہوئی۔جس میں بی آر ایس کے چیف وسابق وزیر کے سی آر شرکت کی۔واضح رہے کہ اس اجلاس کے دوران سینئر لیڈر رجیون ریڈی اوران کے ساتھی بی آر ایس پارٹی میں شریک ہوئے۔بی آر ایس کے پرجا آشرواد سبھا پروگرام کے پیش نظر پورے شہر کو گلابی رنگ میں رنگ دیا گیا۔شہر کے اہم شاہراہوں پر بڑے بڑے ہورڈنگس اور کٹ آؤٹس لگائے گئے۔

JAGTIAL:

ریاستی وزیراڈلوری لکشمن نے سابق بی آر ایس حکومت پر سخت تنقید کی۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کے دور حکومت میں کسانوں کی حالات بہتر خراب تھی۔انہوں نظرانداز کیا گیا اور زرعی پروجیکٹس پر خصوصی توجہ نہیں دی گئی۔ریاستی وزیر لکشمن نے کہا کہ اَکاپلی لیفٹ

اریگیشن اسکیم کے تحت دھرماپوری کے کسانوں کو پانی سپلائی کیا جارہا ہے۔ریاستی وزیر نے کہا کہ تمام زیرالتوائپروجیکٹس کو وزیرات کمار ریڈی پائے تکمیل تک پہنچارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کسانوں کی فلاح و بہبود حکومت کا اولین مقصد ہے۔

Sound Byte

○○